چوتھائی سے مراد کسی سلسلہ یا مواد میں وہ قیمت جس کو چار برابر حصوں میں تقسیم کیا جاسکے۔ہر حصہ چوتھائیہ (Quartile) کہلاتا ہے۔اور انہیں Q1، Q2 اور Q3 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔چوتھائی (Q1) وہ نقطہ ہے جس کے نیچے پچیس فیصد اعداد ہوتے ہیں۔جبکہ وسطانیہ (Q2) پچاس فیصد اعداد کے برابر اور (Q3) پچھتر فیصد اعداد کے نیچے ہوتے ہیں۔

4۔تغیر پذیری کے پیمانے (Measures of variobility):

تعلیمی تحقیق میں استعمال ہونے والے مواد کی تغیر پذیری معلوم کرنے کے لیے کئی ایک شماریاتی تکنیکیں استعمال میں لائی جاتی ہیں۔ان میں سے صرف تین کا ذکر کریں گے۔مثلاً حد (Range) انحراف چوتھائی یا نیم بین ربعی انحراف اور معیاری انحراف۔

(i) حد یا سعت (Range):

حد سے مراد وہ وقفہ ہے جو سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے عدد کے درمیان موجود ہو۔مثلاً شماریات کے مضمون میں طلبہ کو ایک آزمائش دی گئی جس میں تیس طلبا نے شرکت کی۔ان میں سے ایک طالب علم نے 49 نمبر حاصل کیے جو سب سے زیادہ نمبر تھے۔اور سب سے کم نمبر حاصل کرنے والے طالب علم کے نمبر 15 تھے۔اب اگر ان نمبروں کی حد کا تعین کرنا مقصود ہو تو سب سے زیادہ نمبروں میں سے سب سے کم نمبر تفریق کردیں گے۔مثلاً

* *

34=15-49 یہ سعت ہوگی۔

(ii) انحراف چوتھائی یا نیم بین ربعی انحراف (Quartile deviation):

چوتھائی تین نقاط میں سے وہ نقطہ ہے جو اعداد کے ایک سیٹ کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ انحراف چوتھائی سے مراد تیسرے چوتھائی (Q3) اور پہلے چوتھائی Q1 کے درمیانی فاصلے کو دو برابر حصوں میں تقسیم کیا جاسکے۔ تو اسے انحراف چوتھائی کہتے ہیں۔

(iii) معیاری انحراف (Standard deviation):

اعداد کے سیٹ کے معیاری انحراف سے مراد ایسا جذر ہے جو اعداد کے متوسط سے انحراف کے مربعوں کے متوسط سے لیا گیا ہو۔ مثلاً جب دو یا دو سے زیادہ سیریز ہوں اور وہ مختلف پیمانوں سے پیمائش کی گئی ہوں جن کے درمیان موازنہ کرنا مقصود ہو تو ایسی صورت میں معیاری انحراف استعمال کرتے ہیں۔

تعلق کے پیمانے (Measures of Relationship):

کوریلشن (Correlation) کی اصطلاح عام طور پر واقعات وحالات اور اشیا کے درمیان کسی نہ کسی قسم کے تعلق کو بیان کرنے کے لیے استعمال میں لائی جاتی ہے۔ مثلاً جرائم اور غربت میں کوریلشن سے مراد جرائم اور غربت کا باہمی تعلق ہے۔

دوسرے لفظوں میں یوں کہا جاسکتا ہے کہ غربت جرائم پر کس حد تک اثر انداز ہوتی ہے۔ لیکن شماریات میں کوریلشن سے مراد کلی طور پر ایسا تعلق ہے۔ جو دو متغیرات (Variables) میں عددی صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ شماریاتی نقطہ نظر سے دو متغیرات میں کوریلشن ان کے درجے کو ظاہر کرے گا۔

تعلیمی تحقیق میں دو مختلف اقسام کے مواد میں کوریلشن معلوم کرنے کے لیے عام طور پر دو طریقے استعمال میں لائے جاتے ہیں۔

(1) کوریلشن بذریعہ پراڈکٹ میتھڈ

(2) کوریلشن بذریعہ رینک ڈفرینس

**

* *

علم کی طاقت

شیر محمد شیرل۔ ایف ایس سی، سال اول

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اس دنیا میں بھیجا۔ مگر اسے جسمانی طور پر ایک انتہائی کمزور اور مجبور ہستی بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کی گئی ان نعمتوں کے ذریعے علم سیکھا اور اس علم کے ذریعے انسان، چاند اور سیاروں پر پہنچ گیا۔ علم کے معنی ہیں جاننا۔ اس علم کے زور پر پہاڑوں کے پیٹ چاک کر کے اس کے اندر سے معدنیات نکالا ہے اور دریاؤں پر پل تعمیر کئے۔ سورج کی شعاعوں سے توانائی حاصل کی ہے یہ تو علم کی بدولت ہے۔ علم ہی کی بدولت انسان، انسان بنتا ہے ورنہ انسان اور حیوان میں فرق کیا ہے۔ علم ہی کے ذریعے انسان دنیا کو جنت بناتا ہے اور مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی جنت کا مستحق قرار پاتا ہے۔

علم ایک ایسی دولت ہے جسے نہ کوئی چور چوری کر سکتا ہے اور نہ کوئی ڈاکو، اس پر ڈاکہ ڈال سکتا ہے۔ یہ وہ دولت ہے جو نہ گلتی ہے نہ سڑتی ہے۔ اسے خرچ کیا جائے تو گھٹنے کی بجائے بڑھتی ہے۔ آج سائنسدانوں نے ہر قسم کی چیزیں بنائی ہیں مثلاً موبائل فون، ہوائی جہاز، ایئر کنڈیشنڈ، فریج، آبدوز، خلائی جہاز وغیرہ، یہ علم کی بدولت ہے۔ علم کی اہمیت کے پیش نظر ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ہر مسلمان مرد اور عورت کے لیے حصول علم کو فرض قرار دیا ہے۔ **

علم کیا ہے

نواز زہری۔ ایف اے

علم بہت وسیع ہے اس کا مطالعہ کرنا آسان بھی اور مشکل بھی۔ علم کو سمجھنے کے لیے عقل و زبان کی ضرورت ہے۔

علم کی اہمیت: علم انسان کو ایک اچھا انسان بناتا ہے اور انسان کو اچھائی کے راستوں تک لے جاتا ہے۔ اور علم انسان کے مستقبل کو روشن بھی کرتا ہے۔ اور انسان کے اندھیرے راستوں کو اجالا بھی کرتا ہے علم انسان کو برائیوں سے بچاتا ہے۔

علم کی طاقت: علم کی بدولت لوگ دوسرے ملک و قوموں کو جان رہے ہیں اور دوسرے ملکوں کو فتح بھی کر رہے ہیں۔ علم کی بدولت لوگ موبائل،، کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، ہوائی جہاز، بحری جہاز، ماٹر سائیکل، موٹر گاڑی اور نت نئے ہتھیار بنا رہے ہیں۔ چونکہ علم کی بدولت لوگوں کو عزت، دولت، سکون، آرام اور روزگار مل رہی ہے۔ اور علم کی بدولت لوگوں کو عزت، دولت، سکون، آرام اور روزگار مل رہی ہے۔ علم کی بدولت لوگوں کو تمام سہولیات مل رہے ہیں۔ علم کی وجہ سے لوگ چاند کے علاوہ مریخ اور مشتری پر پہنچ رہے ہیں اور آسمان پر سفر بھی کر رہے ہیں۔ کائنات کا مطالعہ کر رہے ہیں مزید تحقیقات بھی کر رہے ہیں۔

**

کیچ میگزین

2018-19

معاشیات

روپے کی گرتی ہوئی قدر

الٰہی بخش۔ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ معاشیات

کسی بھی ملک و معیشت میں زر کی اہمیت وہی ہے جو انسانی جسم میں خون کی ہوتی ہے۔ جب خون میں کوئی مسئلہ و پیچیدگی پیدا ہو جائے تو پورا جسم متاثر ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر کسی ملک کی کرنسی کی قدر و مالیت میں تبدیلی رونما ہو جائے تو اس ملک کی معیشت بطور کل متاثر ہوتی ہے۔



قدرِ زر میں تبدیلیوں کا اظہار اشیاء و خدمات کی قیمتوں سے کیا جاتا ہے۔ قیمتوں کا بڑھنا زر کی قدر میں کمی اور قیمتوں کا کم ہونا زر کی قدر میں اضافہ کو ظاہر کرتا ہے۔ حد سے تجاوز کردہ یہ دونوں صورتیں معیشت، معاشی سرگرمیوں اور معاشی زندگی کے لیے مہلک ہیں۔ کیونکہ قیمتوں کا مسلسل اضافہ افراطِ زر اور مسلسل کمی تفریطِ زر کے رجحان کی نمائندگی کرتے ہیں۔

عام تاثر یہ ہے کہ قیمتوں کا کم ہونا یعنی تفریط زر صارفین، مزدوروں، مقررہ آمدنی پانے والوں اور تنخواہ داروں کے لیے فائدہ مند ہے۔ کیونکہ موجودہ دستیاب آمدنی سے ان کی قوتِ خرید میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ بالفاظ دیگر ان کی حقیقی آمدنی بڑھ جاتی ہے یوں وہ زیادہ اشیاء و خدمات خرید کر اپنے روزمرہ ضروریات زندگی پورا کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں اور ان کے معاشی زندگی میں آسودگی اور خوشحالی آتی ہے۔ معاشی اصولوں کے مطابق یہ تاثر درست نہیں ہے کیونکہ قیمتوں میں مسلسل کمی اور قدرِ زر میں اضافہ تفریطِ زر کی صورت میں ایک معاشی بیماری ہے۔ اس کے پیچھے کئی

محرکات کارفرما ہوتی ہیں۔ اس کے اپنے پیدا کردہ اثرات کی وجہ سے معیشت و معاشی سرگرمیوں میں دیگر کئی مسائل و پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ قیمتوں کی کمی کا بنیادی وجہ اشیاء و خدمات کی پیداوار و رسد کے مقابلے میں مجموعی طلب کی کمی ہے طلب میں کمی اس لیے وقوع پذیر ہوتی ہے کہ آمدنی کم ہوتی ہے جو روزگار و سرمایہ کاری کے معیارات میں پستی کے باعث وقوع پذیر ہوتی ہے۔ گویا قیمتوں کے اس طرح کمی یعنی تفریطِ زر مستقل طور پر کسی بھی صورت معیشت و معاشرہ کے کسی بھی طبقہ و شعبہ کے لیے مفید نہیں ہے۔ بلکہ ہر طبقہ و شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنی سست رفتار چکی میں پسے گی۔ اس کے برعکس قیمتوں میں اضافہ یعنی افراطِ زر کے رجحان کو صنعت کار و کارخانہ دار، تاجر و کاروباری طبقہ، کسان و کاشتکاروں اور روزگار و سرمایہ کاری کے علاوہ معاشی ترقی کے لیے مفید و معاون خیال کیا جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کا بے قابو ہونا معیشت و معاشی سرگرمیوں کو دیمک کی طرح چاٹ جاتا ہے۔ ارتکازِ دولت اور دولت کی غیر منصفانہ تقسیم میں مزید اضافہ و بے قاعدگی پیدا ہو کر امیر و دولت مند طبقہ کی تعداد بڑھ کر ان کی غربت و افلاس میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ دولت و آمدنی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث غریب

و کم آمدنی والے طبقہ سے نکل کر صنعت کار و تاجروں اور سرمایہ داروں کو ان کے کاروباری منافع کی صورت منتقل ہو جاتا ہے۔ ماہرین معاشیات انتہائی سست رفتار شرح سے قیمتوں کے اضافہ کے رجحان (افراطِ زر) کو معاشی ترقی کے لیے ضروری اور فائدہ مند سمجھتے ہیں۔ تاہم اضافہ شدہ قیمتوں کے باعث زائد حاصل ہونے والی آمدنی پر ٹیکس لگا کر حکومت کی آمدنی میں اضافہ کر کے اسے اجتماعی فلاح و بہبود کے کاموں پر خرچ کیا جائے تو مثبت نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

اس وقت پاکستان میں قیمتوں کے عام معیار اور افراطِ زر کی شرح بلند ہے۔ روپے کی گرتی ہوئی قدر کے اسباب میں مجموعی طلب و رسد میں عدم توازن، تجارتِ خارجہ کے رواں حساب کا خسارہ، زرمبادلہ کے ذخائر میں غیر معمولی کمی اور روپے کی بیرونی قدر میں مسلسل تخفیف شامل ہیں۔ حال ہی میں اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے دو مرتبہ یکے بعد دیگرے ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں کمی کر دی ہے۔ اور اس بات پر مُصر ہے کہ ملک کی معاشی صورتحال کے پیش نظر اس میں مزید کمی کر دی جائے تا کہ برآمدات میں اضافہ ہو کر زیادہ زرمبادلہ حاصل کی جا سکے۔

* *

۔ ماہرین کے مطابق جب کسی ملک کی کرنسی کا بیرونی قدر کم کردی جائے تو اس سے متعلقہ ملک کے برآمدی اشیاء کی طلب اور قیمتوں میں اضافہ ہو کر وہ زیادہ زر مبادلہ حاصل کر کے اپنے ذخائر بڑھا سکتا ہے۔ جس سے ملک کو بیرونی قرضوں کی ادائیگی اور درآمدات بڑھانے میں سہولت و آسانی ہوتی ہے۔ ہماری حکومتیں، مرکزی بنک اور ماہرین اسی اصول و قاعدہ کے پیش نظر روپے کی بیرونی قدر میں مسلسل تخفیف کرتے چلے آرہے ہیں۔ لیکن دوسری جانب اس بات پر کبھی توجہ نہیں دی گئی کہ ایسا کرنے سے خود ملک کے اندر مہنگائی اور افراطِ زر کی شرح میں جو اضافہ ہوگا اس کے نامساعد نتائج سے عام لوگ کسی قدر متاثر ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں جب برآمدات میں بے تحاشا اضافہ ہو اگرچہ زیادہ مبادلہ حاصل کیا جاسکتا ہے لیکن ملک میں اشیاء کی رسد کا طلب کے مقابلے کمی کے باعث قیمتوں کا عام معیار بلند ہو کر افراطِ زر کی شرح بڑھ جاتا ہے۔ مذید یہ کہ تخفیفِ زر سے بیرونی ممالک سے درآمد کی جانے والی خام مال، کیمیکلز، مشینری، اوزار و آلات، ٹیکنالوجی اور پیٹرولیم مصنوعات وغیرہ پہلے سے مہنگا ہو کر ملک میں ان سے تیار ہونے والے مختلف اشیاء کے مصارفِ پیدائش بڑھ کر قیمتوں میں خاطر خواہ اضافہ ہو جاتا ہے۔

پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال اور مہنگائی کی تمام تر زمہ داری مختلف ادوار کی سیاسی حکومتیں اپنے نا اہلی کو چھپانے کے لیے محض روپیہ پر عائد کرتی ہیں۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ روپے کی بیرونی قدر میں تخفیف اور مہنگائی دیگر کئی خود ساختہ خرابیوں کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ جس میں تمویل خاسر (یعنی زائد کرنسی نوٹ چھاپنا)۔ ادائیگیوں کے توازن میں خسارہ، بے تحاشا غیر ملکی قرضے، ناقص معاشی منصوبہ بندی، بدعنوانی، غیر ترقیاتی اخراجات میں بے جا اضافہ، بدانتظامی، سیاسی عدم استحکام، تعلیم عامہ و ٹیکنیکل ایجوکیشن پر عدم توجہی، سیاست میں نظام وراثت وغیرہ سرفہرست ہیں۔ مختلف ادوار میں اقتدار پر براجمان سیاستدانوں ملکی تھنک ٹینک و ماہرین کے علاوہ تمام اداروں کے سربراہوں کو ان تمام مشکلات و مصائب کا بخوبی علم و ادراک ہے اس کے باوجود ان مسائل پر قابو پانے کے لیے عملی اقدامات اٹھانے کے لیے ادارے اور زمہ داران غافل ہیں۔ جس کی وجہ سے ملکی معیشت مذید مصائب و آلام کا شکار بنتا جا رہا ہے۔ گذشتہ ادوار کے تجربات کے پیش نظر معیشت کو سہارا دینے کے لیے آئی ایم۔ ایف و بیرونی قرضوں پر اکتفا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جن کے سخت شرائط میں روپے کی قدر میں

مذید تخفیف کے علاوہ ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ اور کئی اشیاء پردی جانے والی سبسڈیز کا خاتمہ شامل ہیں۔ اگر ایسا کیا گیا تو عوام پر افراطِ زر اور مہنگائی کا ایک اور بم گرے گا۔

لہٰذا ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ آئی۔ ایم۔ ایف اور ایسے دیگر اداروں اور مما لک سے قرضہ کے حصول کے لیے ان کے سخت شرائط و بلیک میلنگ کے شکنجے سے نکل کر اپنے ملکی وسائل پر انحصار کر کے بحران و مشکلات پر قابو پانے کے لیے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے اعلیٰ معاشی منصوبہ بندی اور منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے عزم و جرات کا مظاہرہ کرنا از حد ضروری ہے۔



معاشیات

اعجاز علی۔ ایف اے، سال دوم

معاشیات آج کے دور کی ضرورت ہے کیونکہ انسان کی خواہشات بہت زیادہ ہیں ریسورس بہت کم ہیں انسان میں پہلے شعور نہیں تھا اور واقف نہیں تھے اور جنگلات میں زندگی گزارتے تھے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان نے اپنی سوچ بدل لی۔

پاکستان میں قدرتی وسائل بہت ہیں جن سے وہ فائدہ نہیں اٹھاتا اور صحیح استعمال نہیں کرتے۔ ہمارے ملک کی لیڈرشپ نے غیر ملکی اداروں سے قرضہ لے کر اپنی جیبیں بھر لئے۔ جس کی وجہ سے پاکستان پر معاشی بوجھ بڑھ گیا۔
آج کل پاکستان اپنی معاشی استحکام کی طرف تیزی سے توجہ دے رہی ہے۔

چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور جو پوری دنیا میں ایک عظیم صلاحیت کا درجہ رکھتی ہے۔ موجودہ دور میں اس بڑے پروجیکٹ میں سعودی عرب بھی شامل ہونے کا ارادہ رکھتی ہے اور پاکستان معاشی بحران سے نمٹنے کے لئے پوری کوشش کر رہا ہے تاکہ پاکستان سعودی عرب سے قرضہ لیکر اپنی معاشی بحران پر قابو پاسکے۔ اس منصوبے سے ہم لوگ بہت توقعات رکھتے ہیں کہ ہمارے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور لوگ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ✱ ✱

کیچ میگزین

2018-19

معاشرہ

اصلاحِ معاشرہ

امیر حبیب بلوچ۔ لیکچرر شعبہ بلوچی

قرآن کریم میں امر بالمعروف نہی عن المنکر اور اصلاح معاشرہ کا حکم نہایت وضاحت کے ساتھ دیا گیا ہے۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر جو کہ درحقیقت اصلاح معاشرہ کی بنیاد یں اور اسلامی فلاح اور صالح معاشرے کی قیام کی پہلی اینٹ اور اساس ہے۔ اسے بنیادی اہمیت دیتے ہوئے اہل ایمان کا یہ فریضہ قرار دیا گیا کہ وہ توحید پر مبنی اسلامی فلاحی معاشرے کے قیام اور اس کی اصلاح کے لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو بنیاد بنائیں۔

ارشاد ربانی ہے" اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں کہ (وہ ایک دوسرے کو باہم) اچھے کام کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ بری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوۃ دیتے۔ اور اللہ اور رسول ﷺ اطاعت کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ رحم کریگا۔ بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے"۔ (سورۃ التوبہ)

ایک مقام پر اہل کتاب کے ان لوگوں کی تعریف بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا گیا۔ جو ایمان پر قائم رہتے ہوئے اپنا اصلاحی کردار ادا کرتے ہیں۔ ارشاد ہوا" ان اہل کتاب میں کچھ لوگ (حکمِ خدا پر) قائم بھی ہیں۔ جو رات کے وقت اللہ کی آیات پڑھتے اور اس کے حضور سجدہ ریز ہوتے ہیں۔ اللہ پر اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور اچھے کام کرنے کو کہتے، بری باتوں سے منع کرتے اور نیکیوں پر لپکتے ہیں اور درحقیقت یہی لوگ نیکوکار ہیں۔ (سورۃ العمران)

قرآن کریم کی ان آیات مبارکہ میں تبلیغ دین امر بالمعروف نہی عن المنکر اور اصلاح معاشرہ کا حکم نہایت وضاحت کے ساتھ دیا گیا ہے۔ نیز امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جو کہ درحقیقت اصلاح معاشرہ کی بنیاد اور اسلامی فلاحی اور صالح معاشرے کے قیام کی پہلی اینٹ اور اساس ہے۔ اسے بنیادی اہمیت دیتے ہوئے اہل ایمان کا یہ فریضہ قرار دیا گیا ہے کہ وہ توحید پر مبنی اسلامی فلاحی معاشرے کے قیام اور اس کی اصلاح کے لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو بنیاد بنائیں۔

نیکی کا حکم دینا اور بدی کو روکنا اہل ایمان کا دینی اور اجتماعی فریضہ ہے۔ قرآن کریم میں سورۃ المائدہ میں ارشاد ربانی ہے "نیکی اور پرہیزگاری (کے کاموں) میں ایک دوسرے کی مدت کرتے رہو اور گناہ اور زیادتی میں ایک دوسرے کی اعانت مت کرو"۔

اسلام معاشرے میں اجتماعی ذمہ داری کا تصور پیدا کرتا ہے۔ وہ پورے اسلامی معاشرے میں یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ اسلامی معاشرہ نیکیوں کو قائم کرنے والا، برائیوں کو روکنے والا، اور ایک دوسرے کی مدد کرنے والا ہو۔

قرآن پاک نے اصلاح معاشرہ کو فرد، معاشرہ، ریاست غرض انفرادی سطح سے اجتماعی سطح تک ہر ایک کا فریضہ اور ذمہ داری قرار دیتے ہوئے یہ اصول بھی بتا دیا کہ اصلاح معاشرہ یا کسی قوم میں اصلاح اور مثبت تبدیلی کی خواہاں اور اس کے لیے خود تیار ہو۔ اس حوالے سے فرمان ہے "اس کے پہرے دار انسان کے آگے پیچھے مقرر ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی نگہبانی کرتے ہیں۔ بلاشبہ کسی قوم کی حالت اللہ تعالیٰ (اس وقت تک) نہیں بدلتا جب تک وہ خود اسے نہ بدلے اور اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کے لیے سزا کا ارادہ کر لیتا ہے تو وہ بدلا نہیں کرتا اور سوائے اس کے کوئی بھی انکا کارساز نہیں"۔ (سورۃ الرعد)

اصلاح معاشرہ کے لیے آپ ﷺ نے دو بنیادی اصولوں پر عمل کیا۔ ایک یہ کہ آپ ﷺ نے کبھی کوئی ایسی بات نہ کہی جس پر آپ ﷺ خود عمل پیرا نہ ہوں۔ آپ ﷺ کے قول و عمل میں کوئی تضاد نہ تھا۔ دوسرے یہ کہ جو آپ ﷺ فرماتے تھے خود اس پر عمل فرماتے تھے۔ یہ حقیقت ہے کہ اصلاح معاشرہ کی کوئی تحریک اور کوئی کوشش اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک اصلاح کا داعی اور علمبردار خود اس پر عمل پیرا نہ ہو۔ اس کا عمل اسکے قول اور دعوت کی گواہی نہ دے رہا ہو۔

قرآن پاک میں جابجا اس حقیقت کا اظہار کیا گیا ہے۔ قول و عمل کی صداقت کی بنیاد پر آپ ﷺ نے انسانی تاریخ کے تاریک ترین دور میں مثالی انسانی معاشرہ تشکیل دیا۔ فلاحی ریاست کی تنظیم کی، شرف انسانیت کو مستحکم کیا۔ آج بھی اصلاح معاشرہ کے حوالے سے رسول اکرم ﷺ کی ذات گرامی اور قرآن و سنت کی تعلیمات ہمارے لیے روشنی کا مینار ہیں۔ انسانیت ان سے قیامت تک استفادہ کر سکتی ہے۔

زندگی کے ہر شعبے میں ہر مرحلے پر ہمہ گیر اصلاح اس وقت ممکن ہے جب ہم رسول اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہوں۔ آپ ﷺ کی ہمہ گیر اور مثالی اصلاحی تحریک آج بھی انسانیت کو ہر سطح پر دعوت فکر و عمل دے رہی ہے۔ ✱✱



غریبی

شعیب حیات۔ ایف ایس سی، سال دوم

غریبی وہ چیز ہے جو کوئی انسان غریب نہ ہو جائے اس دنیا میں کوئی انسان غریب ہو تو غریبی سے انسان سکون سے بیٹھ سکتا ہے۔ نہ سکون سے رہ سکتا ہے۔ اس دنیا میں ہر چیز پیسے سے ہوتا ہے لیکن غریبی سے نہیں۔ اس دنیا میں انسان غریب ہو اس کی کوئی قدر نہیں ہوتی ہے۔ غریب کے ہاتھ میں کچھ نہیں ہوتا کیونکہ یہاں ہر چیز دولت سے اور رشوت سے ملتی ہے غریب کے پاس نہ دولت ہے اور نہ ہی وہ رشوت دے سکتا ہے۔ انہیں دو وقت کا کھانا نصیب نہیں ہوتا۔

ایک دن میں سائیکل سے کالج میں آرہا تھا میں نے دیکھا کہ گندگی کے ڈھیر میں دو بچے کھڑے تھے اور کچھ چیزیں اٹھا رہے تھے۔ میں نے جا کر ان بچوں سے پوچھا تم یہاں کیا کر رہے ہو اس وقت آپ کو اسکول میں ہونا چاہیے تم لوگ یہاں کیا کر رہے ہو۔ ان دونوں بچوں نے جواب دیا پڑھائی تو دور کی بات ہے ہم تو ایسے غریب ہیں ہم کو دو وقت کا کھانا نہیں ملتا۔ ہم کچھ چیزیں گندگی کے ڈھیر سے نکال کر فروخت کرتے ہیں اور دو وقت کی روٹی تلاش کرتے ہیں۔

میں نے کہا کہ آپ دونوں کی ماں باپ نہیں ہیں اور وہ دونوں بچوں نے جواب دیا ماں باپ نے صرف پیدا کیے



پرورش نہیں کی۔ جب ہم نے چلنا شروع کر دیا ہماری حالت ایسی ہی ہے۔ نہ رات کو ہم ٹھیک سے سو سکتے ہیں نہ دن میں ہم ٹھیک سے آرام کرتے ہیں۔ خدا نے ہم کو ایسی زندگی دی ہے نہ ہم جی سکتے ہیں نہ مر سکتے ہیں۔

ان دونوں کی باتیں سن کر میرے آنکھوں میں آنسو آ گئے غریبی تو سب سے بری چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ غربت سے بچائے اور کسی کو غریب نہ کرے۔

**

غربت

گلستان احمد۔ ایف ایس سی، سال دوم

آج کل غربت کو ایک برائی قرار دینے کا رواج سا ہو گیا ہے۔ اس نوجوان پر لوگ ترس کھاتے ہیں جو کسی غریب گھرانے میں پیدا ہوا مگر میں صدر کا وفیلڈ کے اس نظریے سے متفق ہوں کہ کسی نوجوان کا عمدہ ترین ورثہ اس کی غربت ہے۔ اس بارے میں میری رائے بھی یہی ہے کہ غریب طبقے ہی سے نیک اور عظیم لوگ پیدا ہوتے ہیں۔ دنیا کے عظیم اساتذہ، شہدا، موجد، مدبر، شاعر اور ارباب اختیار، لکھ پتیوں کے بیٹے نہ تھے یہ سب لوگ غریبوں کی جھونپڑیوں میں پیدا ہوئے۔ ان لافانی انسانوں میں سے جنہوں نے بنی نوع انسان کے لیے قابل قدر خدمات انجام دیں کوئی ہی ایسا ہو گا جس کی تربیت اور پرورش روح پرور طریقے سے نہ ہوئی ہو۔

**

نشہ



محمد یاسین نور محمد۔ ایف اے۔ سال اول

نشہ ایک بری عادت ہے جب کوئی آدمی نشے میں مبتلا ہو جائے تو نشے کا چھوڑنا مشکل ہوتا ہے۔ ہم منشیات میں مبتلا لوگوں کو دیکھتے ہیں وہ مشکل سے اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ نشہ کرتے ہیں۔ نشے میں مبتلا لوگوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ وہ نشے کے لیے برے کام کرتے ہیں وہ نشہ کے عادی بن چکے ہیں۔ منشیات کے عادی افراد کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ تعلیم یافتہ لوگ بھی نشہ کرتے ہیں۔ ہم اپنے معاشرے کو دیکھ رہے ہیں کہ سو میں سے پچاس افراد نشہ میں مبتلا ہیں۔ معاشرے میں اکثر لوگ بیروزگار ہوتے ہیں بے روزگاروں کی بڑی تعداد نشہ کرتے ہیں۔

نشہ انسان کو نقصان پہنچاتا ہے۔ نشہ میں مبتلا لوگ جانتے ہیں کہ اس عمل میں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا مگر اس کے باوجود وہ نشہ کرتے ہیں۔ نشہ میں مبتلا بھائیوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ نشہ کی وجہ سے بے گھر ہو چکے ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بری لعنت چھوڑ دیں۔

آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو لوگ نشہ کرتے ہیں وہ اس بری عادت کو چھوڑ دیں۔ جو ہماری آنے والی نسل ہے وہ اپنے آپ کو نشہ کی بری لعنت سے بچائے *

* *

سوشل میڈیا

عبدالوہاب حسن۔ ایف ایس سی، سال اول

دنیا بہت تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ سوشل میڈیا کی بدولت دنیا اب ایک گاؤں میں تبدیل ہو گئی ہے۔ یہ سوشل میڈیا کا دور ہے جو کہ نقصان اور فائدہ دونوں طرح ہے۔ اور یہ ہم پر ہے کہ اس کو کس طرح استعمال کریں۔ فیس بک جو آج کل بہت ہی زور ہے اس میں دنیا کے کسی بھی کونے میں کسی سے بھی بات چیت کر سکتے ہیں۔ فیس بک کے ذریعے ہم دنیا کے کسی بھی کونے میں بیٹھے لوگوں کو دوست بنا رہے ہیں۔ ہمیں چاہیے کسی بھی فیلڈ میں ہوں، میڈیکل ہو انجینئرنگ ہو، ہم پڑھ بھی سکتے ہیں۔ کسی بھی سینئر ٹیچر کو سوال کرو، مسنجر پر آپ کو جواب ملے گا۔ آپ کسی بھی چیز کے متعلق سوال کریں دنیا کے بڑے بڑے کالجوں، یونیورسٹیوں میں پڑھنے کا خواہشمند ہوں تاکہ اچھی تعلیم حاصل کریں مگر اب یہ بھی آسان ہو گیا ہے۔ کسی بھی یونیورسٹی کے ویب سائٹ پر جائیں بڑے بڑے پروفیسروں کے لیکچر پڑے ہوئے ہیں۔ آسانی سے سمجھ سکتے ہیں اور سبق یاد کر سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا کا کسی بھی خبر کو دوسروں تک پہنچانے کا تیز ترین ذریعہ ہے۔ یہ وہ حقیقت دکھاتا ہے جو نیوز چینل پہ ہم تک نہیں پہنچ سکتا مگر سوشل میڈیا ان کا پردہ فاش کر دیتا ہے۔ سوشل میڈیا کے ذریعے ہم دنیا کے کونے کونے تک اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کے ساتھ منسلک ہو سکتے ہیں۔ دنیا کے کونے کونے میں کسی بھی شاپنگ مال میں شاپنگ کر سکتے ہیں۔ کسی بھی چیز کو آن لائن خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔ حتیٰ کہ ڈاکٹروں سے اپنے مسائل کے حل پوچھ سکتے ہیں۔



**

کیچ میگزین

2018-19

مضامین

بلوچی افسانہ: اجمالی جائزہ

رؤف راز، لیکچرر بلوچی

قصہ، کہانی ہر معاشرے میں پائی جاتی ہے۔ کہانی کی تاریخ اتنی پرانی ہے کہ خود انسان کی تاریخ ہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ کہانی اور انسان کا سفر ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ کہانی کہنا اور کہانی سُننا انسان کی فطرت میں شامل ہے۔ اگر حضرت انسان کی نیچر کا مطالعہ کی جائے تو یہ بات واضح ہوجاتا ہے کہ اُس کے نیچر میں قصہ کہانی ایک بنیادی عنصر ہے اور یہ بھی اُس کے فطرت میں شامل ہے کہ اپنی واقعات اور حالات دوسروں کے ساتھ شیئر یا بیان کرے۔

زمانے میں انسان جنگل اور بیابانوں میں رہتا تھا۔ اس وقت انسان کے پاس تہذیب جیسی دولت نہ تھی اور نہ ہی دنیا کے دوسرے سرے میں رہائش پزیر انسان سے اُن کا کوئی تعلق تھا۔ وہ ایک محدود زندگی گزارنے پر مجبور ولاچار تھے۔ عورتیں گھر کی کام کاج کرتی تھیں اور مرد حضرات سارے دن جنگل نوردی کرتے اور شکار کھیلتے تھے بس یہی ان کی مصروفیات ہوتے تھے۔ جب شام کو وہ گھر لوٹتے تو کبھی دشمنوں سے مقابلے کا واقعہ تو کبھی شکار کرنے کا احوال گھر والیوں کو دیتے۔ پرانے زمانے کے لوگوں کے پاس اس کے علاوہ تفریح کا کوئی اور سامان نہ تھا۔ عورتیں یہ واقعات دوسری عورتوں کو سناتے اور اس میں لذت اور دلچسپی پیدا کرنے کے لئے ان میں کچھ اپنی طرف سے شامل بھی کرتے تھے۔ یہی کہانیاں سفر کرتے اور ایک نسل سے دوسرے نسل تک پہنچے۔ ابتداء میں یہ کہانیاں حقیقی ہوتے تھے لیکن بعد میں انسان نے اپنے تخیل سے کام لینا شروع کردیا۔ واقع کو زوردار بنانے کے لئے انہوں نے اس میں اپنی تصوراتی اور پسندو خواہشات کے مطابق کچھ نہ کچھ ڈالا۔ رفتہ رفتہ جب انسان کے شوق اور دلچسپیوں میں بدلاؤ آیا، یا دوسرے

لفظوں میں یوں کہوں کہ ان کے دلچسپیوں میں اضافہ ہوا تو ان کہانیوں میں بھی کچھ تبدیلیاں رونما ہونے لگے۔ ان قصے، کہانیوں کو تقسیم کیا گیا ان کے قسم مقرر ہوئے۔ پہلے پہل یہ صرف کہانی کہلاتے تھے۔ پھر یہ فیبل، رومانس اور لیجنڈ وغیرہ میں تقسیم ہوگئے۔ پھر یہ داستان ہوگئے۔ داستانوں میں وہ چیز ڈالے گئے جس سے انسان محروم تھا اور اس کو حاصل کرنے کا وہ خواہش مند تھا۔ اس کے بعد دنیا نے صنعتی انقلاب دیکھا۔ صنعتی انقلاب نے ہر شعبہ زندگی میں انقلاب برپا کر دیا۔ مذکورہ انقلاب نے انسان کی آسودگی چھین کر اس کو مصروفِ کار کر دیا۔ بنی نوع انسان مشین بن کر کام کرنے لگا۔ اُن کی مصروفیات بڑھ گئے لیکن ان کی کہانی مختصر ہوگئی، مختصر کہانی کو افسانہ کہا گیا۔ افسانہ کی تعریف مختلف دانشوروں نے مختلف الفاظ میں کیا ہے۔ اُن سب کی تعریف میں ایک چیز مشترک ہے وہ ہے "اختصار" یعنی ایک ایسی کہانی جو کم وقت میں پڑھا اور سُنا جا سکے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ وقت کو افسانے میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔

فنِ افسانہ نگاری کا آغاز امریکہ میں ہوا اور آہستہ آہستہ یہ دنیا کے مختلف زبانوں کے ادب میں پھیلتا گیا۔ اگرچہ اس کا آغاز امریکہ میں ہوا لیکن کسی بھی زبان میں یہ گمان نہیں گزرتا کہ یہ صنفِ نثر درآمد شدہ ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہر تہذیب میں قصہ گوئی کی روایت موجود ہے۔

بلوچی ادب میں جدید نثر نگاری کا آغاز قدرے تاخیر سے ہوا۔ اس لئے یہاں افسانہ نگاری کی روایت دیر سے پڑی۔ بلوچی میں جدید نثر کا آغاز اُس وقت ہوا جب بلوچی میں باقاعدہ ادبی صحافت کا آغاز ہوا۔ 1951ء میں ماہنامہ بلوچی "اومان" کی اشاعت سے یہ سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ اولین بلوچی افسانہ مئی 1951 میں اومان میں شائع ہوا۔ جسے تحریر کیا تھا محمد حسن کلاکوٹی نے۔ مذکورہ افسانہ ایک لڑکی سے شکایت اور گلہ وزاری ہے، لڑکی کی بے وفائی کی داستان ہے۔ اِس کی وعدہ کر کے نہ آنے کی داستان ہے "بے وفا" فنی اور تکنیکی اعتبار سے ایک کمزور افسانہ ہے۔ پڑھتے وقت اِس کی تکنیک واضح نہیں ہے۔ ابتدائی پیراگراف میں ایسا لگتا ہے کہ مونولاگ تکنیک میں لکھا گیا ہے۔ لیکن آگے بڑھتے بڑھتے یہ تکنیک مراسلاتی بن جاتا ہے ایسا لگتا ہے کہ کردار ایک مراسلہ پڑھ رہا ہے۔ آخر تک اس کا تکنیک معلوم نہیں ہوتا ہے۔ اگرچہ "بے وفا" ایک کمزور افسانہ ہے لیکن اس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، اسی افسانہ سے بلوچی میں افسانہ

****

نگاری کی روایت پڑ جاتی ہے۔ بلوچی ادب ایک نئی صنف سے روشناس ہوتی ہے اور اظہار کا نیا ذریعہ ہاتھ آجاتا ہے یہاں ایک اور چیز کا اضافہ کرتا چلوں کہ بلوچی افسانے کے حوالے سے ایک بات واضح ہو کہ بلوچی افسانہ کا تانابانا سیدھا بلوچی داستانوں سے نہیں بنتا۔ بلوچی داستان رنگی ہو یا جنگی، وہ منظوم ہیں، منثور نہیں۔ دوسری بات یہ کہ بلوچی داستان فرضی اور خیالی بھی نہیں ہیں بلکہ بڑی حد تک ان میں صداقت ہے۔ یہ Real ہیں وہ الگ بات ہے کہ سینہ بہ سینہ سفر کرنے کی وجہ سے ان میں ترمیم واضافہ ہوتا رہا اور ساتھ ساتھ ان کے کئی حصے ہوا برد ہو گئے۔ داستان چونکہ ہمارا بنیادی موضوع نہیں لہذا اس موضوع کو یہیں سمیٹتے ہیں۔

بلوچی افسانہ لوک کہانیوں کی اثر میں بھی نہیں لکھا گیا بلکہ اِس کی جنم بھومی اردو افسانے کے اثر سے ہوئی۔ بعض محققین کا خیال ہیکہ بلوچی میں طبع زاد افسانے سے پہلے تراجم موجود تھے اور ان ہی تراجم کے اثر سے طبع زاد افسانے لکھے گئے لیکن میرے تحقیق کے مطابق یہ نقطہِ نظر مربوط نہیں ہے۔ بلکہ طبع زاد افسانوں کے بعد تراجم ہوئے۔ چار افسانوں کے بعد تب عبدالصمد امیری کی ترجمہ کردہ افسانہ ''پشومانیں جنین'' یعنی پشیمان عورت جو کہ میکسم گورکی کی افسانہ ہے۔ یہ افسانہ مارچ 1952ء کو ماہنامہ اومان، کراچی میں چھپ کر منظر عام پر آیا۔ پشومانیں جنین سے قبل، بے وفا، شرابی اور اومان جیسے طبع زاد افسانے چھپ چکے تھے۔ البتہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ترجمہ شدہ افسانوں کی وجہ سے بلوچی افسانہ فنی اعتبار سے قدرے بہتر ہوئی۔ انہی تراجم کی وجہ سے افسانہ نگار فن افسانہ نگاری کو سمجھنے لگے اور ان کے افسانوں میں نکھار آنے لگا۔ غرض بلوچی افسانہ کی ترقی اور معیار کو بہتر بنانے میں تراجم کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل تھا۔

بلوچی افسانے کی روایت انتہائی کمزوری سے پڑ گئی ابتدائی سالوں کے بلوچی افسانے فنی اعتبار سے ناتواں ہیں۔ ان افسانوں میں کردار نگاری شاذ و ناظر نظر آتا ہے۔ کردار آزاد بھی نہیں ہیں ایسا لگتا ہے کہ کردار Remote Control کے ذریعے حرکت کرتے ہیں افسانہ نگار اپنی مرضی ومنشاء کے مطابق اپنی سوچ کی تبلیغ کے غرض سے ان کو گھوماتے ہیں کردار اپنی مزاج کے مطابق حرکت نہیں کرتے دوسری بات یہ کہ قاری کے لئے کچھ نہیں چھوڑتے، وضاحت کرتے چلے جاتے ہیں یہ وضاحتی انداز آج بھی بلوچی افسانے کے ساتھ چپکا ہوا ہے۔

ابتدائی دور کے افسانہ نگار اپنے افسانوں کی مدد

سے اصلاحِ معاشرہ کرنا چاہتے تھے اصلاحی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں اِس لئے وہ فن سے زیادہ مقصد پر زور دیتے تھے۔ اسی طرح وہ منظر نگاری اور جزئیات نگاری بھی کم ہی کرتے تھے حالانکہ سب کے سب بیانیہ تکنیک میں اپنی اظہار کرتے تھے بیانیہ تکنیک میں منظر نگاری، کردار نگاری اور جذئیات نگاری بنیادی اور اہم نقطے ہیں۔ پلاٹ ان کے ہاں تھا لیکن پلاٹ پر اُن کا گرفت کمزور ہے۔

موضوعاتی اعتبار سے ان میں وسعت بھی نہیں پائی جاتی۔ یہاں اِس معاملے میں تنگ دامنی ہے بے جوڑ شادیاں، خاندانی نابرابری، سردار اور نوابوں کے ظلم وجبر، عشق کی ناکامی شروع کے زیادہ تر موضوعات تھیں جو تقریباً ہر افسانہ نگار کے ہاں ملتے ہیں۔ یہاں عشق کی ناکامی کی بہت بڑی وجہ خاندانی نابرابری ہے۔ بلوچ معاشرہ ایک طبقاتی معاشرہ ہے یہاں ذات برادری کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے لیکن عشق تو عشق ہے ذات برادری نہیں دیکھتا بلکہ اس سے بالاتر ہے۔۔ اگر بلوچ معاشرے کا مطالعہ کریں تو عیاں ہوتی ہے کہ بلوچ عورت مکمل آزاد نہیں، حتیٰ کہ اپنی جیون ساتھی کو چُننے میں بھی اس کو آزادی نہیں، خاندان کے فیصلوں میں اُن کو شامل نہیں کیا جاتا، مکمل مرد Dominated سوسائٹی ہے۔ وہ اُس شخص کے ساتھ پوری زندگی گزارنے پر مجبور ہے جس کو اس نے کبھی دیکھی نہیں۔ اگر وہ بزرگوں کے اس فیصلے کے خلاف سر اٹھائے تو ایسی سر کو قلم کیا جاتا ہے اگر قلم نہیں کرتے تو اس بیچاری کو ایسے القابات نوازتے ہیں کہ وہ شرم سے مرجاتی ہے۔ بلوچ افسانہ نویسوں نے اپنے افسانوں میں اس پر کافی احتجاج کیا ہے اور اس موضوع پر خوب لکھا ہے، سب سے زیادہ نسیم دشتی نے اس موضوع پر لکھا،، بیر،، یعنی انتقام، اور،، ناکو،، یعنی چچا، اس حوالے سے قابلِ ذکر افسانے ہیں۔ مزکورہ افسانوں میں انہوں نے بے جوڑ شادی کو موضوع بنایا ہے۔ دونوں افسانوں میں پیر اس سال کردار دولت کا سہارا لیکر نوجوان لڑکی سے شادی کرتے ہیں۔ ''بیر'' میں ہیروئن اپنا انتقام لینا چاہتی ہے وہ انتقام ایک بیانک انداز میں لیتی ہیں اور ایک رات شوہر نامدار کی عدم موجودگی میں وہ اپنی شوہر کے چرواہے کے پاس اپنی عزت رہن رکھتی ہے۔

نسیم دشتی کے ہاں ناں موضوعاتی تنوع ملتا ہے نہ کہ تکنیک کی وسعت لیکن انہوں نے سادگی کے ساتھ خوب صورتی کے ساتھ لکھا ہے۔ اُن کی تحریر میں ربط اور روانی عمدگی کے ساتھ پائی جاتی ہے۔ واقعہ کو افسانہ بنانے میں

* *

وہ دسترس رکھتے تھے۔ جیسا کہ "بیر" اور "حداد وست" کے معمولی واقعے کو انہوں نے بڑے افسانے میں بدل دیا۔ ان کے افسانے "ناکو"، "بیر" اور "حداد وست" کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ دشتی کے اندر نثر نگاری کی لیاقت موجود تھی لیکن وہ اپنی ادبی زندگی کو طول نہ دے سکے۔

شروع میں ہم نے کہا تھا کہ بلوچی میں افسانہ نگاری کی روایت اردو کے زیر اثر شروع ہوا۔ جس زمانے میں بلوچی افسانہ کی بنیاد رکھی گئی اُس وقت اردو ادب میں ترقی پسند تحریک اپنی عروج پر تھی اس لئے اِس تحریک کے اثر بلوچی ادب پر واضح طور پر پڑ گئے۔ افسانہ نگاروں نے یہی کوشش کی کہ بزگ ولاچار، پچھے ہوئے انسانوں کے ساتھ کھڑے رہیں، بلوچ افسانہ نویسوں نے کمزور اور مجبور کرداروں کو اس طرح پینٹ کیا کہ جنھیں دیکھ کر ان سے کمزور اور مجبور تر کوئی نہ لگے۔ دوسری طرف سردار نوابوں اور کہداؤں کے کردار کو اِس طرح پیش کرنے کی سعی کی گئی کہ اُن سے بدتر انسان دنیا میں کہیں نہیں ایسی کرداریں تخلیق کرنے کا مقصد یہ تھا کہ لوگ ایسے کرداروں سے نفرت کریں اور ان پر لعنت بھیجیں۔ چونکہ یہ شعوری تھے۔ منصوبہ بندی کے تحت تھے اسی لئے اُس وقت کے کردار بدل نہیں جاتے تھے جامد تھے۔

کہانیاں زیادہ تر روزنامچے تھے یا دوسرے لفظوں میں یوں کہیں کہ اخباری رپورٹ تھے فنکاری ان میں بہت کم نظر آتی تھی لیکن اس بات سے انکار بھی ممکن نہیں کہ اگرچہ یہ کمزور ہیں، ان میں خامیاں ہیں لیکن بلوچی ادب کے نقطۂ نظر میں یہ بڑی اہمیت کے حامل ہیں ان کی اہمیت کو نہیں جھٹلایا جاسکتا۔ سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ یہ کہانیاں اوّلیں دور کے ہیں انہی افسانوں سے بلوچی میں ایک نیا صنف داخل ہوا۔ لیکن بلوچی فکشن کا بدبختی ہے کہ کہانی کاروں نے دیر تک افسانے کا ساتھ نہیں نبھایا، ایک دو قدم ساتھ چلنے کے بعد ہر ایک نے اپنا سفر سمیٹا محمد حسن کلا کوٹی واحد افسانہ "بے وفا" عبدالغفور "شرابی" نثار احمد "اومان" کریم دشتی "درور" سے آگے نہ بڑھ سکے اسی طرح انور شاہ قحطانی، طاہر محمد خان، آسکو جمالدینی، غفار نچگی کے قلم دو تین افسانہ لکھنے کے بعد بھی خاموش ہو گئے۔ نسیم دشتی اور مراد ساحر بھی چند افسانوں تک محدود ہو کر رہ گئے۔ بلوچی ادب پر کام کرنے والوں کی رائے ہے کہ بلوچی افسانے کا پسماندگی کا وجہ بلوچی میں افسانے کی تاریخ کا مختصر ہونا ہے لیکن ناچیز کو اس رائے سے اختلاف ہے۔ کسی بھی صنف کی ترقی و فروغ کے لئے ساٹھ ستر سال کا عرصہ کسی بھی طور کم نہیں ہے۔ نصف صدی کو کم نہیں کہا جاسکتا۔ اردو کی

****

مثال لیجئے، اردو افسانہ نے ابتدائی 35 سالوں میں اپنے بہترین نام سعادت حسن منٹو، پریم چند، کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی اور عصمت چغتائی وغیرہ پیدا کئے جنھوں نے اردو افسانہ کو بامِ عروج تک پہنچایا، بقولِ ڈاکٹر نا گمان کے ہم 60 سالوں کے بعد بھی حیران ہیں کہ کس کو اپنا نمائندہ افسانہ نگار مانیں۔ اگر بلوچی کے کہانی کار کہانی کو مزید وقت دے دیتے تو شاید آج منظر نامہ کچھ الگ تصویر پیش کر رہا ہوتا۔ بحر حال میرے مطابق بلوچی افسانے کی پسماندگی کا بنیادی وجہ یہی ہے کہ اس صنف کو تواتر کے ساتھ لکھنے والے نہ ملے۔ پھر بھی نثری اصناف میں سے افسانہ قدرے بہتر شکل میں موجود ہے۔ گو کہ یہ صنف تواتر کے ساتھ لکھاری سے محروم رہا ہے دوسری طرف رسائل و جرائد نے اس صنف کو فروغ دینے میں ناقابلِ فراموش خدمات سرانجام دیئے۔ بلوچی ماہنامہ اومان، بلوچی، لبزانک، سہ ماہی درد، سہ ماہی چمگ، تاکبند ازم نے افسانہ نمبر بھی شائع کئے۔ جوں جوں بلوچی رسائل و جرائد کی اجراء میں اضافہ ہوتا گیا افسانہ نگاروں کی فہرست لمبی ہوتی گئی نئے خون کی شمولیت سے بلوچی افسانے میں موضوعاتی وسعت آتا گیا اور موضوع کے ساتھ ساتھ تکنیک میں بھی تنوع آیا۔

غنی پرواز جو 60ء کی دہائی کے آخر میں بطورِ افسانہ نگار سامنے آئے اُن کے ہاں موضوعات کا تنوع ملتا ہے، غنی پرواز کے فن کی بنیاد حیاتِ انسانی ہے زندگی کے حوالے سے اُن کا زاویہ نگاہ بڑا واضح اور صحت مندانہ ہے زندگی کا شاید کوئی اہم پہلو رہا ہو ان کے زیرِ قلم نہ آیا ہو، حسن، عشق، جنس نفسیات، بھوک، افلاس، متوسط و اعلیٰ طبقے، تعلیم، سیاست، مذہب غرض ہر اہم موضوع کو ان کے قلم نے احاطہ کیا اور اس کے ساتھ پورا انصاف کیا۔ تکنیکی تجربات بھی سب سے زیادہ غنی پرواز کے ہاں ملتا ہے، مراسلاتی، علامتی، بیانیہ، فلیش بیک، شعور کی رو اور مکالماتی کو انہوں نے برتا۔

ڈاکٹر نعمت اللہ گچکی ان ادیب اور دانشوروں میں شامل ہیں جنھوں نے 60ء کی دہائی میں بلوچی زبان و ادب کی طرف توجہ دی۔ اسی دوران جب وہ حصولِ تعلیم کے لئے کراچی چلے گئے تو وہاں پہلے سے زبان و ادب کی ترقی و ترویج کے حوالے سے نوجوانوں کی ایک کھیپ موجود تھی BSO کے زیرِ اہتمام بلوچی دیوان ہی وہ وسیلہ تھے انہوں نے افسانہ تخلیق کرنا شروع کیا۔ نعمت اللہ کی افسانہ نگاری عصر کی ترجمانی ہیں۔ وہ اپنے سماج سے کٹتے نہیں ہیں، معاشرے میں عدم مساوات، کشمکش، جبریت، نفسا نفسی

جیسے موضوعات ان کی کہانیوں میں موجود ہیں۔ ''کورء پتار'' ان کی نمائندہ اور مشہور افسانہ ہے۔ ڈاکٹر موصوف نے یہ افسانہ جرمنی میں لکھا، یورپ کے معاشرے کو وہ اپنے اس افسانے میں پیش کرتے ہیں یورپ کے اجتماعی سائیکی کو احاطہ کرتے ہیں۔ میاں بیوی کی اس کہانی میں یورپ کی سماجی ونفسیاتی زندگی اور رویہ کا تجزیہ خوب کیا ہے۔ انہوں نے اس افسانے میں یہ افشان کیا ہے کہ یورپ اپنے ترقی یافتہ ہونے اور انسان دوستی پر فخر کرتا ہے لیکن وہاں انسانی ہجوم میں بھی انسان تنہا ہے۔ لوگ کتنے مادہ پرست ہیں اور انسانی رشتے کمزور ہیں افسانہ کا ایک کردار اپنے کمرے میں وفات پاتی ہے اور کسی کو خبر نہیں ہوتی ہے پھر بدبوئی ہوتی ہے تب جا کے معلوم ہوتا ہے کہ وہ راہی عدم ہوئے ہیں۔۔۔

بلوچی ادب میں مراد ساحر کی پہچان شاعر کی ہے۔ لیکن شاعری سے پہلے وہ افسانہ نگار تھے۔ مراد ساحر نے اگرچہ بہت کم افسانے لکھے لیکن ان کے افسانے بڑے جاندار تھے۔ موضوع کے ساتھ ساتھ تکنیکی تجربات بھی اُن کے ہاں ملتا ہے۔ بلوچی میں سب سے پہلے مراسلاتی اور فلیش بیک کا تجربہ انہی کے حصے میں آتا ہے۔ ''گڈی نمدی'' یعنی آخری خط، مراسلاتی تکنیک میں لکھا گیا ہے۔ مزاج کے اعتبار سے یہ ایک love letter ہے۔ بعد میں غنی پرواز، میران بلوچ، اسماعیل ممتاز اور اے آر داد نے اس تکنیک کو برتا۔ اسی طرح ''گریں ساہگ'' مطلب ''گرم سائبان میں مراد ساحر نے فلیش بیک تکنیک استعمال کر کے ایک نیا تجربہ کیا۔ مراد ساحر کے مطالعہ کے دوران یہ بات سامنے آتی ہے۔ کہ وہ زیادہ تر دیہاتی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں، واقعہ نگاری اور منظر نگاری کے ساتھ ساتھ کرداروں کی وسیلہ سے دیہاتی زندگی کی نقاب کشائی کرتے ہیں۔ اِس سلسلے میں انکا افسانہ ''گرند'' اور ''گریں ساہگ'' قابلِ ذکر ہیں۔ گرند، بیانیہ تکنیک میں ہے اور قحط سالی کو موضوع بنایا گیا ہے۔ پانچ سال تک بارش نہیں ہوتی ہے قحط سالی کی وجہ سے جانور مرنے لگتے ہیں، بھوک وافلاس میں اضافہ ہوتا ہے۔ بھوک اور افلاس کی وجہ سے کہدہ کا بیٹا محنت مزدوری کے لئے مسقط چلے جاتے ہیں دوسال بعد واپس آتا ہے، کہدہ ایک بکرا ذبح کر کے خیرات کرتے ہیں ایک سیانا ''بردست'' کی ہڈی کو دیکھ کر بارش کی پیش گوئی کرتے ہیں کہدہ کا بیٹا گھر آرہا ہوتا ہے اور گرج چمک کے ساتھ تیز بارش ہوتی ہے اور وہ آسمانی بجلی کے ذد میں آتے ہیں۔ کہدہ کا آباد دنیا بے آباد ہو جاتا ہے۔ واجہ عبداللہ

جمالدینی ''گرنند'' کو کلاسیک کا درجہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ''گرنند'' مراد ساحر کا آخری افسانہ ہے لیکن میرے تحقیق کے مطابق یہ ان کی تیسری کاوش ہے ان کا آخری افسانہ ''گڈی نمدی'' ہے جو کہ ماہنامہ اولس میں نومبر 1975ء میں شائع ہوا ہے۔ جبکہ ''گرنند'' ماہنامہ اومان کے دسمبر 1955 کے شمارہ میں چھپا ہے۔

صبا دشتیاری کے افسانوی موضوعات عصری سماجی مسائل، غربت، استحصال اور خواتین کے عملی و علمی مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔ لیکن وہ بلوچستان کے خواتین سے زیادہ لیاری کراچی کے خواتین کو اپنے افسانوں کا کردار بنا دیتے ہیں اور انہی کے مسائل بیان کرتے ہیں۔ انھوں نے خواتین کی سماجی حیثیت، عزت و احترام، تاریخی کردار، مالی مشکلات اور نفسیاتی مسائل کو اجاگر کیا۔ صبا دشتیاری سے پہلے خواتین کے مسائل کے حوالے سے افسانے لکھے تو گئے مگر وہ زیادہ تر شہوانی حقیقت پر مبنی تھے یا بے جوڑ شادی کو احاطہ کئے ہوئے تھے اتنے بڑے پیمانے پر خواتین کے مسائل کو ڈسکس نہیں کیا گیا، صبا دشتیاری وہ پہلے لکھک ہیں جس نے خواتین کے نفسیاتی مسائل کو بیان کیا ہے۔ اس سلسلے میں ان کی افسانہ ''ترانگانی بنزہ'' کا مثال لے لیتے ہیں، مریم جب شادی کی عمر کو پہنچتی ہے اور اس کی شادی نہیں ہوتی ہے آخر وہ نفسیاتی مریض بن جاتی ہے۔ سال خوردگی (کلمانٹی) مریم کو پاگل بنا دیتی ہے۔ وہ اخبار اور رسائل سے مردوں کی تصاویر نکال کر انہیں چوم کر سینے سے لگاتی ہیں۔ مریم کے ساتھ اس کی بڑی بہن بھی پاگل ہوجاتی ہے لیکن وہ مردوں کے تصاویر سینے سے نہیں لگاتی ہیں بلکہ نوجوانوں کو اشارہ کرتی ہیں۔

''ترانگانی بنزہ'' میں مریم اپنی گڑیا کو اس لئے ہمیشہ سیاہ کپڑا پہناتی ہیں کہ وہ بچپن سے اپنی بیوہ ماں کو سیاہ کپڑوں میں دیکھتی ہے۔ سیاہ رنگ مریم کے لاشعور میں بیٹھ گیا ہے ان کے نزدیک سیاہ رنگ ہی سب کچھ ہے۔ اس طرح کی نفسیاتی تجزیہ ہمیں صرف صبا دشتیاری کے ہاں ملتا ہے ان سے پہلے کے افسانہ نگار نسوانی کرداروں کے باطن میں اتر کر نفسیاتی تجزیہ نہیں کرتے۔ وہ صرف عورت کی جسم اور خوب صورتی تک محدود تھے۔

ڈاکٹر ناگمان کا شمار بھی بلوچی کے اہم بیانیہ افسانہ نگاروں میں ہوتا ہے۔ ناگمان ہمیشہ محبت مساوات و برابری اور انسان دوستی کے قائل ر

ہے ہیں انھوں نے ہمیشہ مظلوم، دردمند اور کمزور لوگوں کی حمایت کی ہے۔ وہ ہمیشہ موضوعات اپنے آس پاس سے

لیتے ہیں وہ موضوعات کے لئے ادھر ادھر نہیں بھاگتے ہیں بلکہ وہ سرسری اپنے آس پاس نظر دوڑاتے ہیں اور اس کو کئی موضوعات پڑے مل جاتے ہیں۔ موصوف کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ اپنے افسانوں میں کسی نہ کسی طرح شامل ہیں وہ اپنے سرگزشتوں کو افسانہ بنا دیتے ہیں، مثال کے طور پر، افسانہ ''شکار'' ہے، ڈگری کالج تربت کے پس منظر میں لکھا گیا ہے، ناگمان یہاں اسٹوڈنٹ رہا ہے، جو کرداروں کے نام ہیں وہ واقعی کالج کے ملازم بھی ہیں، منظر بھی حقیقی ہیں۔ اسی طرح ''اشرف المخلوقات'' ہے، جو بل نگور ٹو تربت کے سفر کا، ناگمان بل نگور میں رہتا ہے اور تربت میں بس پہ آتا جاتا تھا راستے میں سیا بلو ہوٹل بھی آتا ہے۔ ''اسٹیکر'' نامی افسانہ بھی حقیقی ہے۔ ان کے تمام کردار ہمارے لئے اجنبی بلکل نہیں ہیں۔ گوشت و پوست کے انسان ہیں ہر روز بازاروں میں چوراہوں پہ، بس اڈوں پہ، اسکول و کالجز میں ہماری ان سے ملاقات ہوتی ہے۔ لیکن ہم انہیں نظر انداز کرتے ہیں اور ناگمان انہیں اہمیت دیتے ہیں اور اپنے افسانوں کے کردار بنا دیتے ہیں۔

تکنیک اور موضوع کے اعتبار سے وہ اپنے عہد کے دیگر کہانی کاروں سے الگ نہیں ہیں لیکن روانی اور Readability کے حوالے سے وہ اپنے عہد میں نمایاں ہیں۔ وہ الفاظ کم استعمال کرتے ہیں دریا کو کوزے میں بند کرنا جانتے ہیں اس گر سے وہ خوب وقف ہیں جو افسانہ کی ایک بنیادی ضرورت ہے۔ اسی لئے ان کی وحدت تاثر متاثر نہیں ہوتی۔ دوسری بات یہ کہ ناگمان افسانے کو قاری کے اندازے کے برعکس خوب صورت موڑ دیکر ختم کرتے ہیں۔ قاری اپنے ذہن میں جو کلائمکس سوچتا ہے افسانہ نگار انہیں دھوکہ دیکر کہیں اور نکل جاتے ہیں۔ اس ہنر میں وہ ثانی نہیں رکھتے۔ اس کے علاوہ منظر نگاری بھی خوب کرتے ہیں۔

اے آر داد بلوچی افسانوی ادب میں ایک الگ مزاج کے افسانہ نگار ہیں کہ ان ہاں داخلیت زیادہ ہے یکتا پسندی اُن کے ہاں زیادہ پایا جاتا ہے اپنے افسانوں میں شعری صنعت استعمال کرتے ہیں یہی چیز ان کی افسانہ نگاری کو شاعری کے قریب تر کرتے ہیں۔ بلوچی میں یہی چیز ہمیں حنیف شریف کے ہاں بھی ملتا ہے جو کہ اُن کے بعد کا افسانہ نگار ہیں۔ اے آر داد پر اردو کے ممتاز افسانہ نگار انتظار حسین کے چاپ واضح ہیں وہ انہی کی طرح ان کے افسانوں میں سفر کا ماحول بندھا ہوا ہے۔ اور شناخت کا معاملہ یہاں بھی ہے وہاں بھی ہے۔

بلوچی افسانے میں تبدیلی کا آغاز 1980 کے

عشرے میں ہوئی جب نیا خون اس کاروان میں شامل ہوا۔ سماجی، سیاسی، نفسیاتی جنسی اور قومی موضوعات کا بھرمار ہو گیا۔ 80ء میں صباد شتیاری، حفیظ حسن آبادی، ڈاکٹر علی دوست، ناگمان، عبداللطیف عادل، اے آر داد سامنے آئے۔ اسی طرح 90ء کے دہائی کو ہم بلوچی قصہ نویسی کا Golden Era کہیں تو غلط نہیں ہوگا، عہدِ حاضر کے چند اہم نام اس میدان میں شہسواری کے لئے اترے۔ جن میں قابلِ ذکر حنیف شریف، یونس حسین، آصف شفیق، ڈاکٹر بیزن بلوچ، ڈاکٹر محسن بالاچ، مقبول ناصر، مقبول انور، اور شرف شاد وغیرہ ہیں۔ مذکورہ دہائی کے افسانے موضوع کے اعتبار سے گذشتہ ادوار سے بہتر ہیں۔ ان کے ڈکشن میں بھی فرق ہے۔ منظر نگاری اور کردار نگاری بھی قدرے بہتر ہوئی ہے، موضوع کے ساتھ کردار کو یہ لوگ بڑی اہمیت دیتے ہیں کردار آزاد ہیں جامد نہیں ہیں حالات اور فضا کے ساتھ کردار بھی بدل جاتے ہیں اب تبلیغ کا عنصر کم ہو گیا ہے۔ موضوعاتی اعتبار ہیں بلوچی افسانہ میں اب تنوع پائی جاتی ہے۔ مذہب، سیاست، تعلیم، معشیت، نفسیات، ہم جنس پرستی، حب الوطنی وغیرہ بلوچی کے بڑے موضوع ہیں۔ اب موضوع کے حوالے سے یہاں تنوع ہے لیکن تکنیک کے اعتبار سے میں ابھی تک پسماندگی ہے۔ گوکہ، علامتی، مراسلاتی، فلیش بیک اور شعور کی رو، مکالماتی کے تجربات ہوئے ہیں مگر رواج نہیں پائے ہیں البتہ کسی حد تک علامتی افسانہ اپنا قدم جما چکا ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ کسی بھی افسانہ نگار کی طرف اشارہ کر کے ہم نہیں کہہ سکتے کہ یہ فلاں تکنیک یا فلاں رجحان کا افسانہ نگار ہے۔ ان تمام ناگفتہ بہ حالات کے باوجود ہم کہہ سکتے ہیں کہ بلوچی ادب میں افسانہ کا عاقبت بخیر ہے۔ اس میں بہتری آرہی ہے۔

**

نیکی کے علاوہ کوئی چیز بھی عمر میں اضافہ نہیں کرتی اور دعا کے سوا کوئی چیز تقدیر کو نہیں بدل سکتی اور انسان کو رزق سے محروم کرنے والی چیز اس کی بد اعمالی ہے۔

حضرت محمد ﷺ

* *



آج کے لوگ

نثار احمد۔ ایف اے، سال اول

آج کی دنیا بہت تیز اور لوگ بہت چالاک ہیں۔ کبھی کبھی میں سوچتا رہتا ہوں اور بعض اوقات ایسا محسوس ہوجاتا ہے کہ یہاں آج کل کے لوگ چار پیسہ کمانے کے لیے اپنی پہچان بھول چکے ہیں۔ اور بس ایک ہی بات کے سہارے جی رہے ہیں کہ کہیں میں اس سے آگے نکل جاؤں۔ اور زندگی کے اس دوڑ میں بھاگتے رہتے ہیں۔ بلکہ کچھ مرتبہ ایسا بھی ہوجاتا ہے کہ اس سفر میں بھاگتے بھاگتے وہ اپنی زندگی ختم کردیتے ہیں۔ جس شخص نے آسمان کے اوپر قدم رکھا ہے ہم لوگ اس شخص جیسا بننے کی کوشش میں مصروف ہوتے ہیں۔ اتنا بھی نہیں جانتے کہ خواب دیکھنے سے منزل نہیں مل سکتی، ہر چیز حاصل کرنا اتنا بھی آسان نہیں کہ جو لوگ خوابوں میں دیکھتے رہتے ہیں۔ ہر کام کرنے کے لیے اچھے کھلاڑیوں کی ضرورت ہوجاتی ہے۔ وہ کھلاڑی جس کے پیچھے خود بھاگتے بھاگتے آرہے ہیں، ایسا تب ہوگا جب لوگ صرف اپنی منزل کی طرف دھیان دیتے ہیں اور جو کچھ باقی لوگ کر رہے ہیں۔ انہیں ان کی کاموں میں چھوڑ دیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو صلاحیتوں سے نوازا ہے کہ ہر شخص اپنی خود کی پہچان بناسکیں۔ مگر اس کے باوجود لوگ دوسروں جیسے بننا چاہتے ہیں جو ان کی صلاحیتوں کی قوت سے باہر ہے۔ پتہ نہیں یہ کونسی احساس ہے جو لوگ دوسروں کے درد بانٹنے کی بجائے اپنی زندگی کی لڑائی میں مصروف ہوتے ہیں۔ اس دوڑ میں کبھی ادھر کبھی ادھر لیکن منزل نہ پانے سے اپنی خود کی زندگی سے لڑ رہے ہیں۔ براہ راست شعور بڑھانے کے لیے مختلف قسم کی مشاورتی تقریبات کا سہارا لیا جاتا ہے جن میں مذاکرے، مباحثے اور جلسے وغیرہ شامل ہیں۔ مگر ہم ان سب چیزوں سے دور رہتے ہیں اور پھر وہی یہ بات روکتی ہے کہ بھاگنے اور بھگانے سے کام چلنے والی نہیں ہے۔ ہر لمحہ، ہر گھنٹے اور ہر سیکنڈ اپنی کام میں مشغول ہوجائیں۔ اپنے کام کو عبادت کی حیثیت سے سر انجام دیں تاکہ دنیا کے سامنے ایسی مثال پیدا کریں ہر شخص آپ جیسا بننے کی خواہش مند ہو۔ لیکن ایسا تب ہوگا جب دوسروں سے خود کو الگ رکھیں۔ لوگوں کے دل میں ایسے جذبہ پیدا کریں کہ وہ آپ کی کاموں میں دلچسپی لیں اور لگاتار محنت کریں۔ **

* *

والدین کی اطاعت

ثناء اللہ پنڈگ۔ ایف ایس سی، سال دوم

والدین بہت بڑے نعمت ہیں ہمارے لئے۔ وہ بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں اپنے اولاد کی بہتری کے لے۔ وہ دن رات محنت کرتے ہیں کہ ہمارے بچے اور بچیاں اچھی زندگی بسر کرسکیں اور یہ ہماری بدبختی ہے کہ ہم اپنے والدین کی حالت ابھی نہیں جانتے ہم جب جانتے ہیں کہ جب ہم بڑے ہوجاتے ہیں۔ ایک کہانی ہے اپنے والدین کی عظمت کے حوالے سے۔ کہانی کا عنوان ہے ایک پنسل اور ربر کی۔

پنسل نے ربر سے کہا، مجھے معاف کردو۔

ربر نے کہا تم ایسا کیوں کہہ رہی ہو؟ تم نے کچھ نہیں کیا۔

پنسل نے کہا تم میری غلطیوں کو ہمیشہ سدھارتے ہو۔ جہاں میں غلطی کرتی ہوں تو فوراً اسے مٹا کر ٹھیک کردیتے ہو۔ ربر نے کہا میں جانتا ہوں شاید مجھے اسی لئے بنایا گیا۔ حالانکہ مجھے معلوم ہے تمہاری غلطیاں مٹانے کی وجہ سے میں خود کو ختم کررہا ہوتا ہوں مگر یہ میرا کام ہے، میرے ختم ہونے سے الفاظوں کو سدھار ملتا ہے تو میری قربانی رائیگاں نہیں گئی۔

ٹھیک اسی طرح ہمارے والدین بھی ہماری اچھی تربیت کے لیے اپنی پوری زندگی وقف کردیتے ہیں۔ ہماری خوشی میں ان کی خوشی ہوتی ہے۔ ہماری جیت میں ان کی جیت ہوتی ہے۔

لہذا ہمیں اپنے والدین کی ایسے خدمت کرنی چاہیے جسے انہوں نے بچپن میں ہماری کی۔

**

جس طرح گھڑی کی سوئی آگے پیچھے کرنے سے وقت نہیں بدلتا اسی طرح گردن اونچی نیچی کرنے سے انسان کی اوقات میں کوئی فرق نہیں آتا۔

محبت کیا ہے



عاطف احمد۔ ایف اے، سال اول

محبت کیا ہے محبت کسے کہتے ہیں کس چیز کو کہتے ہیں۔ میرے خیال میں محبت ایک پاک اور شفاف جذبہ ہے جو دل کے راستے روح میں اتر جاتا ہے۔ آجکل کے لڑکے اور لڑکی محبت کے نام کو بدنام کررہے ہیں۔ محبت کو مذاق بنالیا ہے۔ آجکل کی لڑکی کسی امیر لڑکے کو دیکھ لیتی ہے تو اس سے محبت کرلیتی ہے جب اچھی طرح دولت لوٹتی ہے تو رائے تبدیل کرلیتی ہے۔ یہ حال ہمیشہ لڑکیوں کا ہے۔ آجکل کے لڑکے ایک خوبصورت لڑکی کو دیکھ لیتے ہیں تو محبت کرتے ہیں اگر ایک اور اس سے زیادہ خوبصورت لڑکی کو دیکھ لیں پھر تو اس کو چھوڑ کر اس کے پاس جاتے ہیں۔ یہ حال ہمیشہ لڑکوں کا ہے محبت کو کھیل اور مذاق بنالیا ہے۔ جو جیتا وہ سکندر جو ہارا وہ بدنصیب۔ اس کھیل میں جیت اس کی ہے جس کے پاس محبت کا سچا جذبہ موجود ہے۔ محبت کا نام ہے بندگی۔ محبت اگر اللہ تعالیٰ سے ہو تو کائنات بدل جاتی ہے محبت اگر محبوب سے ہو تو اس کی زندگی خوش گوار ہوجاتی ہے۔ محبت اور محنت میں صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔ محنت ایک فقیر کو بادشاہ بناتا ہے۔ محبت ایک بادشاہ کو فقیر بنادیتی ہے۔ محبت ایک عبادت ہے۔ عبادت میں خیانت نہ کرنا۔

**

وقت



شیہک اسماعیل۔ ایف اے، سال اول

وقت وہ انمول ہیرے کی مانند ہے جس کی قیمت لاکھوں میں ہے۔ وقت گزرنے کا احساس انسان کو اس وقت ہوتا ہے جب وقت اس کے ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔

وقت کو ٹھوکر مارنے والا شخص دوسروں کی ٹھوکر کا نشانہ بنتا ہے۔ وقت کبھی کسی کے لیے نہیں رکتا۔ وقت کی رفتار اتنی تیز ہے کہ اس کو دنیا کی کوئی بھی تیز رفتار شے نہیں پکڑ سکتی۔ وقت ایک آئینہ ہے جس میں ہم اپنا ماضی، حال اور مستقبل دیکھ سکتے ہیں۔ انسان کو اگر وقت کی اسپیڈ سے چلنا ہے تو اسے اپنے ماضی اور حال کا نقشہ بنا کر اپنے مستقبل کا رخ طے کرنا ہوگا۔ کیونکہ ماضی کا وقت لوٹ کر نہیں آتا ہے۔ اور اپنا مستقبل پلان کئے بغیر گزارنا وقت کی بے قدری ہے۔ وقت مثل وہ ریت ہے جسے اگر انسان اپنا مٹھی بھر کر بند کرے تو وہ کچھ ہی منٹوں میں پسل کر خاک میں شامل ہوجاتا ہے۔ اور وقت کی پابندی سنت نبوی بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

”تو کرتا وہی ہے جو تو چاہتا ہے مگر ہوتا وہ ہی ہے جو میں چاہتا ہوں۔ تو وہ کر جو میں چاہتا ہوں پھر وہ ہوگا جو تو چاہتا ہے“۔

اللہ کی انسانوں پر بہت سی نعمتیں ہیں اور وقت نہایت قیمتی نعمت ہے۔ جو اپنے وقت کا صحیح استعمال کرے وہ کامیاب اور جو شخص اپنے وقت کا غلط استعمال کرے وہ دنیا اور آخرت میں ناکام ہوتا ہے۔ لہٰذا وقت مال سے بھی زیادہ قیمتی ہے کیونکہ وقت کبھی لوٹ کر نہیں آتا اور مال و دولت ویسی ہی آنی جانی شے ہیں۔ **



ملک کے اہم مسائل

دادشاہ بشیر احمد۔ ایف ایس سی، سال اول

ہمارے ملک کے چند اہم مسائل درج ذیل ہیں:

1۔ دہشتگردی: اگر ہم دہشتگردی کو ملک میں دیکھیں تو یہ بہت زور پکڑ چکا ہے۔ اس کے اثرات نے ملک کو تباہی کے دہانے پر کھڑا کر دیا ہے۔ اگر ہم تاریخ کے پس منظر میں دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ دہشتگردی کا آغاز تب ہوا جب 1979 کو روس نے افغانستان پر حملہ کیا جس کی وجہ سے 30لاکھ سے زائد افغان مہاجرین پاکستان میں داخل ہوئے جنہوں نے بعد میں اسلحہ کی اسمگلنگ شروع کر دی اور اس طرح پاکستان میں دہشتگردی کا آغاز ہوا۔ اس وجہ سے دوسرے تمام ادارے کسی نہ کسی طرح متاثر ہوئے۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ حکومت جلد از جلد دہشت گردی کا خاتمہ کرے۔

2۔ بدعنوانی: پاکستان کے اہم مسائل میں سے ایک بد عنوانی ہے کیونکہ اس کی وجہ سے دوسرے معاشی، معاشرتی، تعلیمی، اقتصادی اور کئی دوسرے مسائل جنم لیتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کو درپیش مسائل میں سے ایک دہشتگردی کے بعد بڑا مسئلہ بدعنوانی ہے۔ ملک کے وزیر دفاع پرویز خٹک نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ پاکستان کی ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہنے کی وجہ صرف بدعنوانی ہے۔ بدعنوانی نہ صرف ملک کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ ہونہار طالب علموں کو مایوسی کا سامنا بدعنوانی کی وجہ سے ہوتی ہے جو آخر تک ان کی موت کا سبب بن جاتی ہے۔ اگر حکومت چاہتی ہے کہ ملک ترقی کرے تو اس کو پہلے بدعنوانی کا خاتمہ کرنا ہوگا۔

3۔ غربت: پاکستان کے بڑے اور اہم مسائل میں سے ایک غربت ہے۔ غربت سمیت دیگر مسائل کی وجہ بدعنوانی ہی ہے کیونکہ بدعنوانی کی وجہ غریب، غریب تر اور امیر، امیر تر ہو رہے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق تھرپارکر سندھ میں گزشتہ سال 405 بچے خوراک نہ ملنے

اور بیماریوں کی وجہ سے اپنے زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

اگر آج ہمارے ملک میں 70 فیصد سے زائد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں تو اس کی وجہ بدعنوانی اور بددیانتی ہے۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ لوگوں کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے تاکہ ملک سے غربت کا خاتمہ ہو سکے۔

4۔ مہنگائی: جب پیسے کا مہیا کرنا بڑھ جائے اور پیسے کی اہمیت میں کمی آجائے تو اس سے مہنگائی بڑھتی ہے۔ ڈالر کی حیرت انگیز اضافے سے جو 135 پاکستانی روپے سے بڑھ گیا جس سے ملک میں مہنگائی میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے غریب لوگ مصیبت کے شکار ہیں۔

مہنگائی کو معاشی سرگرمیوں اور اقتصادی طریقوں سے کم کیا جاسکتا ہے اقتصادی سرگرمیوں سے ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر زرمبادلہ کم ہو تو ایسی صورت میں مہنگائی بڑھ جاتی ہے۔

**

چھوٹے ذہنوں میں ہمیشہ خواہش اور بڑے ذہنوں میں ہمیشہ مقاصد ہوا کرتے ہیں۔

خلیل جبران

ضرورت اور شوق

زبیر احمد۔ ایف اے، سال دوم

